الغازی ٹریکٹرز لمیٹڈ

پاکستان میں نیو ہالینڈ ٹریکٹرز بنانے والا ادارہ

AGTL
AL-GHAZI TRACTORS LTD.

اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

مطلع کیا جاتا ہے کہ الغازی ٹریکٹرز لمیٹڈ کا چھتیسواں (36) سالانہ اجلاس عام بروز جمعرات 25 اپریل 2019ء، کو دن کے [illegible] بجے [illegible] ہوٹل کراچی میں مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کیلئے منعقد کیا جائے گا۔

عمومی امور

1- 31 دسمبر 2018ء، کو مکمل ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالی گوشوارے معہ ان پر رپورٹ ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس کی وصولی، غور و خوض اور منظوری۔
2- حتمی نقد منافع منقسمہ کا اعلان۔ ڈائریکٹرز نے 180 فیصد منافع منقسمہ یعنی 9 روپے فی حصص پہلے سے ادا کردہ 600 فیصد عبوری ڈیویڈنڈ کے علاوہ سفارش کی ہے اس طرح مجموعی منافع منقسمہ 780 فیصد یعنی 39 روپے فی حصص بنتا ہے۔
3- آئندہ سالانہ اجلاس عام کے اختتام پر ختم ہونے والی مدت کے لئے آڈیٹرز کی تقرری اور ان کے مشاہیرہ کا تعین۔ سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز اے ایف فرگوسن اینڈ کمپنی نے اہلیت کی بنیاد پر دوبارہ تقرری کے لئے اپنی خدمات پیش کی ہیں۔

بحکم بورڈ
محمد بابر خان
کمپنی سیکریٹری

کراچی، 4 اپریل 2019ء

نوٹ

1- کمپنی کی منتقلی حصص کی کتب 19 اپریل 2019ء سے 25 اپریل 2019ء (دونوں دن شامل) بند رہیں گی۔ ہمارے شیئرز رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کے دفتر واقع F-8، نیکسٹ ٹو ہوٹل فاران، نرسری، بلاک 6، پی ای سی ایچ ایس، شاہراہ فیصل، کراچی میں 18 اپریل 2019ء، کو اختتام کاروبار تک موصول ہونے والی منتقلیاں اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے اور منافع منقسمہ کی اہلیت کے تعین کے لئے بروقت تصور کی جائیں گی۔
2- اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا اہل ممبر اپنی جانب سے شرکت اور ووٹ دینے کے لئے اپنا پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ پراکسی وہی شخص مقرر کیا جا سکتا ہے (ماسوائے کارپوریشن کے لیے) جو خود بھی شرکت اور ووٹ دینے کا حق رکھتا ہو۔ پراکسی کی تقرری کی دستاویز دستخط اور مہر کے ساتھ اجلاس کے انعقاد سے کم از کم اڑتالیس (48) گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں مل جانی چاہیے۔
3- سی ڈی سی شیئرز ہولڈرز اور ان کے پراکسیز کو اپنی شناخت کے لئے سالانہ اجلاس میں شرکت کے موقع پر اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ معہ شرکت کا آئی ڈی نمبر اور اکاؤنٹ نمبر پیش کرنا ہوگا۔ سی ڈی سی حصص یافتگان کے لئے کارپوریٹ اداروں کے نمائندگان کو اس مقصد کے لئے سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 مورخہ 26 جنوری 2000ء کے تحت تصدیق شدہ متعلقہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی اور نامزد افراد کے دستخط فراہم کرنی ہوں گی۔
4- ممبران سے پتے میں کسی قسم کی تبدیلی سے فوری طور پر کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو مطلع کرنے کی درخواست کی جاتی ہے۔ سی ڈی سی حصص یافتگان اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں سی ڈی سی کو مطلع کریں۔
5- جن ممبران نے اپنے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ اور غیر ملکی کی صورت میں پاسپورٹ کی نقول ابھی تک جمع نہیں کرائی ہیں ان سے درخواست ہے کہ وہ جلد از جلد نقول کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو ارسال کریں۔ ہماری سی این آئی سی / پاسپورٹ یا این ٹی این کی کاپی موصول نہ ہونے کی صورت میں کمپنی کی جانب سے اپنے شیئر ہولڈرز کے ڈیویڈنڈ وارنٹس کی ترسیل روک دی جائے گی۔ ممبران جن کے حصص سی ڈی سی اکاؤنٹ یا سب اکاؤنٹ میں ہیں CNIC و NTN کی نقول متعلقہ سی ڈی سی کو جمع کرائیں گے۔
6- کمپنیز ایکٹ مجریہ 2017ء کی دفعہ 242 اور SRO نمبر 1145(I)/2017 مورخہ 6 نومبر 2017ء کے تحت حصص یافتگان کو نقد منافع منقسمہ صرف الیکٹرانک طریقے سے براہ راست حصص یافتگان کے نامزد کردہ بینک اکاؤنٹ میں جمع کرایا جائے گا۔ مذکورہ بالا قانون کی تعمیل میں ڈیویڈنڈ براہ راست اپنے اکاؤنٹ میں حاصل کرنے کے لئے آپ سے درخواست ہے کہ کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب متعلقہ الیکٹرانک کریڈٹ مینڈیٹ فارم پر مطلوبہ معلومات فراہم کریں (اگر پہلے فراہم نہیں کی ہیں) اور اسے اپنے بروکرز / سی ڈی سی کو (حصص بک انٹری کی صورت میں) یا کمپنی کے شیئرز رجسٹرار کو (حصص فزیکل صورت میں ہونے کی صورت میں) جمع کرائیں۔
7- انکم ٹیکس آرڈیننس مجریہ 2001ء کے تحت کمپنی کی جانب سے ادا کردہ ڈیویڈنڈ کی رقم سے ود ہولڈنگ ٹیکس منہا کرنے کے لئے مختلف شرح کی تفصیل حسب ذیل ہے۔
o- انکم ٹیکس ریٹرن فائلرز کے لئے 15 فیصد
o- انکم ٹیکس ریٹرن نان فائلرز کے لئے 20 فیصد

جوائنٹ اکاؤنٹ کی صورت میں ہر ہولڈر کا انفرادی طور پر علیحدہ فائلر / نان فائلر تعین کیا جائے گا اور ٹیکس شیئر ہولڈر کے بیان کے مطابق پرنسپل / جوائنٹ ہولڈر حصص کے تناسب سے منہا کیا جائے گا۔ اس ضمن میں حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ 18 اپریل 2019ء تک تحریری طور پر پرنسپل شیئر ہولڈر اور جوائنٹ ہولڈرز کے سی این آئی سی نمبر اور حصص کا تناسب فراہم کر دیں۔ کوئی تفصیلات موصول نہ ہونے کی صورت میں ہر جوائنٹ ہولڈر کو مساوی شیئرز کا حامل سمجھا جائے گا۔

کمپنی کا نام	فولیو / سی ڈی ایس اکاؤنٹ نمبر	کل شیئرز	پرنسپل شیئر ہولڈرز		جوائنٹ ہولڈرز	
			شیئرز کی ملکیت کا تناسب (شیئرز کی تعداد)	نام اور سی این آئی سی نمبر	نام اور سی این آئی سی نمبر	شیئرز کا تناسب (شیئرز کی تعداد)

نقد منافع منقسمہ سے کم شرح میں ٹیکس منہا کرنے کے لئے ان شیئرز ہولڈرز کے نام ایف بی آر کی ویب سائٹ پر موجود ہونے کے باوجود ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں شامل نہ ہونے پر ان سے درخواست ہے کہ وہ فہرست میں اپنے نام کے اندراج کو یقینی بنائیں بصورت دیگر ان کے ڈیویڈنڈ سے 15 فیصد کی بجائے 20 فیصد کی شرح سے ٹیکس منہا کیا جائے گا۔ کارپوریٹ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ اپنے این ٹی این کی کاپی شیئرز رجسٹرار یا سی ڈی سی اکاؤنٹس کی صورت میں اپنے شریک کو ارسال کریں۔

8- ایس ای سی پی نے اپنے SRO 470(I)/2016 مورخہ 31 مئی 2016ء کے ذریعے کمپنیوں کو سالانہ آڈٹ شدہ حسابات اپنے ممبران کو بذریعہ سی ڈی / ڈی وی ڈی / یو ایس بی ارسال کرنے کی اجازت دی ہے۔ اس طریقے میں، کمپنی نے اپنی 2018ء کی سالانہ رپورٹ اپنے حصص یافتگان کو سی ڈی کی صورت میں بھیج دی ہے۔ کسی بھی ممبر کو 2018 سالانہ رپورٹ کی پرنٹ شدہ نقل مطلوب ہونے کی صورت میں کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب متعلقہ اسٹینڈرڈ درخواست کے استعمال کرتے ہوئے درخواست جمع کرائیں۔
9- پراکسی فارم مکمل طور پر پُر اور دستخط شدہ ہونا چاہیے اور پراکسی فارم پر دو افراد کی گواہی ہونی چاہیے جن کے نام، پتے اور سی این آئی سی نمبر فارم میں درج ہوں۔ سی ڈی سی حصص یافتگان کے لئے ممبران اور پراکسی کے سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقول پراکسی فارم کے ہمراہ منسلک ہونا چاہیے۔ پراکسی کو اجلاس کے موقع پر اصل سی این آئی سی یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد / پاور آف اٹارنی معہ نمونہ دستخط (اگر پہلے فراہم نہ کیا گیا ہو) پراکسی فارم کے ہمراہ کمپنی کو پیش کرنا ہوگا۔
10- 31 دسمبر 2018ء کو ختم ہونے والے سال کے لئے کمپنی کے مالیاتی گوشوارے رپورٹس کے ساتھ کمپنی کی ویب سائٹ پر رکھ دی گئی ہیں۔